(6 pages)

MAY 2022 **U/ID 33279/ULF4A**

Time : Three hours Maximum : 75 marks

SECTION A – (10 × 2 = 20 marks)

نوٹ : کوئی دس سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔
ایک یا دو جملوں میں جواب دیجئے۔

۱۔ ع ''زندگی ہے یا کوئی طوفان ہے'' اس شعر کا مصرع ثانی کیا ہے؟

۲۔ ع ''روئیں گے ہم ہزار بار کوئی ہمیں رلائے کیوں'' اس کا مصرع اول کیا ہے؟

۳۔ غزل کی کوئی ایک خصوصیت بیان کیجئے۔

۴۔ کسی دو غزل گو شعراء کا نام بتائیے۔

۵۔ غزل کے پہلے شعر کو کیا کہا جاتا ہے؟

۶۔ رباعی میں کل کتنے مصرعے ہوتے ہیں؟

۷۔ ایک شعر میں کل کتنے مصرعے ہوتے ہیں؟

۸۔ قافیہ کسے کہتے ہیں؟

۹۔ کسی دو نظم نویس شعراء کے نام بتائیے۔

۱۰۔ غالب کا پورا نام کیا ہے؟

۱۱۔ ''شکوہ'' کس کی لکھی ہوئی نظم ہے؟

۱۲۔ نظیر اکبر آبادی کی لکھی ہوئی نظم کا کیا نام ہے؟

SECTION B – (5 × 5 = 25 marks)

نوٹ : ذیل کے کسی پانچ اشعار کی صنف وشاعر کے حوالے سے تشریح کیجئے۔

۱۳۔ الٹی ہوگئیں سب تدبیریں کچھ نہ دوا نے کام کیا
دیکھا اس بیماری دل نے آخر کام تمام کیا

۱۴۔ شمع کی مانند ہم اس بزم میں
چشم نم آئے تھے، دامن تر چلے

۱۵۔ ہو عمر خضر بھی تو کہیں گے بوقت مرگ
ہم کیا رہے یہاں ابھی آئے ابھی چلے

۱۶۔ دل ہی تو ہے نہ سنگ وخشت، درد سے بھر نہ آئے کیوں
روئیں گے ہم ہزار بار، کوئی ہمیں ستائے کیوں

۱۷۔ وصال کو ہم ترس رہے تھے جو اب ہوا تو مزا نہ پایا
عدو کے مرنے کی جب خوشی تھی کہ اس کو رنج والم نہ ہوتا

۱۸۔ کیا لطف کہ میں اپنا پتہ آپ بتاوں
کیجے کوئی بھولی ہوئی خاص اپنی ادا یاد

۱۹۔ بار بار اٹھنا اسی جانب نگاہ شوق کا
اور ترا غرفے سے وہ آنکھیں لڑانا یاد ہے

SECTION C – (3 × 10 = 30 marks)

نوٹ : کوئی تین سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔
ہر جواب پانچ سو الفاظ سے کم نہ ہو۔

۲۰۔ اقبال ''خوشامد'' میں نظیر اکبر آبادی نے کن خیالات کا اظہار کیا ہے؟

۲۱۔ اقبال کی نظم ''شکوہ'' اور ''جواب شکوہ'' کا محاکمہ کیجئے۔

۲۲۔ فیض احمد فیض کی نظم ''صبح آزادی'' کا خلاصہ بیان کیجئے۔

۲۳۔ ساحرلدھیانوی کی نظم 'تاج محل' میں کن خیالات کا اظہار کیا گیا ہے؟ وضاحت کیجئے۔

۲۴۔ ذیل کے عناوین میں سے کسی ایک پر سیر حاصل مضمون لکھئے :

(الف) کورونا کی تباہ کاریاں

(ب) انٹرنیٹ کے فائدے اور نقصانات

(ج) ماحول اور جنگلات کی حفاظت
